نمونہ جات کی رپوٹ (Sampling Report)

صوبہ خیبر پختونخواہ میں گندم کے آٹے کی زیادہ تر فراہمی صوبہ پنجاب سے ہوتی ہے۔ فوڈ فورٹیفیکیشن پر وگرام کے تحت14مارچ 2019 کو آٹا ڈیلرز اور ٹریڈیونین کے نمائندوں کیلیے ایک آگاہی نشست کا انعقاد کیا گیا ۔ جس میں ٹریڈ یونین کے نمائندہ گاہ نے اس امرکی یقین دہانی کر وائی کہ آئندہ پنجاب سے غذائیت سے بھر پور فولادی آٹے کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ اس سلسلے میں انھوں نے پنجاب کی فلور ملز کو خطوط بھی ارسال کیے۔اسی تسلسل کو بڑ ھاتے ہوئے فو ڈ سیفٹی ا ور حلال فوڈ اتھارٹی ایبٹ آباد ٹیم نے فولادی آٹے کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلیے مورخہ 18 ستمبر 2019 کو ضلع ایبٹ آباد کی مارکیٹ سے 10 ملوں کے آٹے کے نمونے اکھٹے کیے اور تجزیہ کیلیے قرشی لیبارٹری کو ارسال کیے۔

لیبارٹری رپوٹ کے مطابق کوئی بھی مل فولادی آٹا فراہم نہیں کر رہی اور تجزیہ کیا گیا آٹے کا کوئی بھی نمونہ فورٹیفیکیشن کے معیار پر پورا نہیں اتر تی۔ مزید برآں یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ المرتضیٰ فلور ملز وزیر آباد اور نیو پنجاب فلور ملز برہان فورٹی فیکیشن کا لو گو **(Logo)** استعمال کر کے بغیر آئرن کی آمیزش والا آٹا فراہم کر رہی ہیں۔ لٰہذا تمام ملز کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ آئندہ صوبہ خیبر پختونخواہ کو فولادی آٹے کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔

جن ملز کے آٹے سے نمونے (Samples) لیے گئے ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1- سندر فلور ملز لاہور
2- غوثیہ فلور ملز گجرات
3- گجرات فلور ملزگجرات
4- سلطان فلور ملزگجرات
5- برہان فلور ملز گجرات
6- المرتضیٰ فلور ملز وزیر آباد
7- یونائیٹیڈ فلور ملز گجرات
8- الکرم فلور ملز جھنگ باہتر
9- نیو پنجاب فلور ملز برہان
10- نیو حسین فلور ملزجہلم